॥卐॥

NARENDERA®

# DAWN

## GUESS PAPER

Strictly as per New Rationalised and Reduced Syllabus issued by JKBOSE

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

## 10th Class

1. ENGLISH
2. MATHEMATICS
3. SCIENCE
4. SOCIAL SCIENCE
5. HINDI
6. URDU

By
PANEL OF EXPERTS

For BEST RESULTS

2024

NPH
NARENDERA PUBLISHING HOUSE

Price: ₹ 150.00

# URDU

Class(X)

**Time:2:30 Hours ]** **[Maximum Marks:-80**

حصہ (الف) قرأت

سوال نمبر(۱) درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس کے آخر پر دی گئی خالی جگہوں کو اسی سے چُن کر مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔ **(نمبرات5=1×5)**

اللہ تعالیٰ نے ہمیں حسن و جمال سے بھری سرزمین، وادی کشمیر سے نوازا ہے۔ پیر پنچال کے پہاڑی سلسلہ سے جب حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحمتہ اللہ علیہ نے شوپیان کے مقام پر وادی میں قدم رکھا تو ایمان کی نعمت وادی میں جلوہ افروز ہوئی۔ یہیں سے شروعات کر کے مراز اور کمراز کی معروف چراگاہوں جھیلوں اور جھرنوں، کھلیانوں اور دریاؤں سے گزرتے ہوئے لداخ کو سر کیا اور واپس شاہراہ ابریشم سے اپنے آبائی علاقہ ایران کی طرف کوچ کیا۔ کشمیر میں مغل روڈ، جھیل ڈل، مانسبل اور شہرہ آفاق جھیل ولر کے ساتھ ساتھ سرینگر کے مغل باغات، گلمرگ کا گنڈولا بوٹ کی چراگاہیں، پہلگام اور اس کے اردگرد کے صحت افزاء مقامات وغیرہ سب قابل دید ہیں۔

(۱) حسن و جمال سے بھری سرزمین کا نام.......................ہے۔

(۲) پیر پنچال کے پہاڑی سلسلہ سے.......................نے وادی قدم رکھا۔

(۳) جھیل ڈل، ولر اور.......................کشمیر کے تین اہم جھیل ہیں۔

(۴) لداخ سے ہوتے ہوئے.......................راستہ ایران پہنچتا ہے۔

(۵) گلمرگ کا.......................قابلِ دید ہے۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

---

☆ یوں تو ہمارا کشمیر بہت قدیم زمانے سے ہی صنعت و حرفت کے لحاظ سے اہم ہے۔ مگر کشمیر کے عظیم اور مشہور سلطان سلطان شہاب دین نے علم و فن کو ترقی دینے کے لئے سمرقند۔ تاشقند اور بخارا کے کاریگر اور عالم و فاضل بلائے۔ اور مختلف صنعتوں کو بڑھاوا دیا تھا۔ مورخوں نے بادشاہ کو دراصل اس کا بانی قرار دیا ہے۔ البتہ بڈشاہ نے شہاب دین کے قائم کردہ صنعتوں کو مزید ترقی دی ہے۔

(۱) کشمیر .......................کے لحاظ سے اہم ہے۔

(۲) سمرقند تاشقند سے .......................بلائے گئے۔

(۳) سلطان .......................نے علم و فن کو ترقی دینے کے لئے باہر سے عالم اور فاضل بلائے۔

(iv) مورخوں نے .......................کو اس کا بانی قرار دیا ہے۔

(v) شہاب دین کی قائم کردہ صنعتوں کو .......................نے مزید ترقی دی۔

---

☆ انسان کی پیدائش کی غرض و غایت کیا ہے۔ اس سلسلے میں لوگوں نے مختلف جوابات دیئے ہیں۔ انسان کی زندگی کا مقصد اگر یہ قرار دیا جائے کہ وہ دُنیا میں محض عبادت کرنے کی غرض سے آئے ہیں تو اس کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ فرشتے خدا کی عبادت انسانوں سے زیادہ کرتے ہیں۔ پس انسان کو

عبادات کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے۔ بات دراصل یوں ہے کہ انسان ذات الٰہی کا مظہر ہے۔ اور وہ خدا کا خلیفہ ہے جیسا کہ خدا خود فرماتا ہے۔

(۱) انسان کی پیدائش کی ......................... کیا ہے؟

(۲) انسان کی زندگی کا مقصد اگر یہ ......................... دیا جائے۔

(۳) انسان کو ......................... کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟

(۴) بات ......................... یوں ہے۔

(۵) انسان خدا کا ......................... ہے۔

.......................................................................................................................

☆ اطفال ادب میں بچے کی آزادانہ شکل کا ابھرنا ضروری ہے جس میں اس کی اپنی بات اپنی فکر اور منطقی انداز نظر آئے۔ اس کی مثال پریم چند کی کہانی ''عیدگاہ'' میں نظر آتی ہے جس میں ایک بچے کا اپنی دادی کے تئیں حساس ہونا ابھر کر سامنے آتا ہے۔ دوسری طرف حامد اس کہانی میں کہیں نہ کہیں آزادانہ طور پر فیصلہ لے سکنے کی حالت پر بھی قائم رہتا ہے۔ کہانی میں حامد چمٹا لینے کے حق میں اپنے دلائل مضبوطی سے پیش کرتا ہے اور چمٹا خرید لیتا ہے۔

(i) حامد ......................... کہانی کا کردار ہے۔

(ii) ''عیدگاہ'' کہانی ......................... کی تخلیق ہے۔

(iii) حامد اپنی دادی کے لئے ......................... خریدتا ہے۔

(iv) اس کہانی میں ایک بچے کا اپنی دادی کے تئیں ......................... ابھر کر سامنے آتا ہے۔

(v) اطفال ادب میں بچے کی ......................... کا ابھرنا ضروری ہے۔

.......................................................................................................................

**سوال نمبر (۲) درج ذیل شعری عبارت کو غور سے پڑھئے اور آخر پر اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے جواب چن لیجئے۔ (نمبرات 5=1×5)**

رنگین کیا سحر کو بانکی دلہن کی صورت
پہنا کے لال جوڑا شبنم کی آرسی دی
سایہ دیا شجر کو، پرواز دی ہوا کو
پانی کو دی روانی موجوں کو بے کلی دی

(۱) دلہن کی طرح کس کو سجایا گیا ہے؟

(ا) رات کو (ب) دن کو۔

(پ) سحر کو (ت) شام کو

(۲) لال جوڑا پہنا کے دلہن کو کیا دیا گیا؟

(ا) شبنم سی رنگت (ب) شبنم کی آرسی

(پ) شبنم سی مسکراہٹ　(ت) شبنم سی خوبصورتی

(۳) شجر کو کیا دیا گیا ہے؟

(ا) دھوپ　(ب) سایہ

(پ) گرمی　(ت) سردی

(۴) ہوا کو کیا دیا گیا؟

(ا) پانی　(ب) پرواز

(پ) روانی　(ت) جوش

---

☆ درج ذیل شعری جز کو غور سے پڑھیے اور آخر پر دیئے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چُن لیجئے۔

جگنو کی روشنی ہے کاشانہ چمن میں
یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں
آیا ہے آسمان سے اڑ کر کوئی ستارہ
یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں
یا شب کی سلطنت میں دن کا سفیر آیا

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLARS & OTHER PDF

(i) یہ شعری جُز کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ا) جگنو۔　(ب) ایک آرزو۔

(ج) ترانہ ہندی۔　(د) ہمالہ۔

(ii) اس نظم کا شاعر کون ہے

(ا) اقبال　(ب) حالی

(ج) نظیر اکبر آبادی　(د) چکبست

(iii) جگنو کی روشنی کہاں ہے؟

(ا) آسمان میں۔　(ب) بادلوں میں۔

(ج) زمین میں　(د) کاشانہ چمن میں۔

(iv) شاعر کے مطابق کس میں جان پڑ گئی؟

(الف) سورج کی کرن میں۔　(ب) مہتاب کی کرن میں۔

(ج) بجلی کی کرن میں۔　(د) چاند کی کرن میں۔

(v) جگنو شب کی سلطنت میں کیا بن کر آیا ہے؟۔

(الف) وکیل بن کر۔　(ب) وزیر بن کر۔

(ج) سفیر بن کر۔ (د) سیاح بن کر

---

☆ درج ذیل شعری جز کو غور سے پڑھیے اور آخر پر دیئے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چُن لیجیے۔

جب آدمی کے حال پہ آتی ہے مفلسی
کس کس طرح اس کو ستاتی ہے مفلسی
پیاسا تمام روز بٹھاتی ہے مفلسی
بھوکا تمام رات کو سلاتی ہے مفلسی
یہ دکھ وہ جانے جس پہ آتی ہے مفلسی

(i) یہ شعری جُز کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ا) جگنو (ب) مفلسی

(ج) ایک آرزو (د) شکست انتظار

(ii) اس نظم کا شاعر کون ہے

(ا) اقبال (ب) حالی

(ج) نظیر اکبر آبادی (د) چکبست

(iii) آدمی کے حال پر کیا آتی ہے؟

(ا) غربت (ب) افلاس

(ج) مفلسی (د) خوشحالی

(iv) آدمی کو مفلسی تمام روز کس طرح بٹھاتی ہے۔

(ا) جگنو (ب) مفلسی

(ج) ایک آرزو (د) شکست انتظار

(ا) بھوکا (ب) پیاسا

(ج) دکھی (د) خوش حال

(v) مفلسی آدمی کو تمام رات کس طرح سلاتی ہے؟

(ا) بھوکا (ب) پیاسا

(ج) خوش حال (د) دکھی

---

☆ درج ذیل شعری جز کو غور سے پڑھیے اور آخر پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چُن لیجیے۔ (5×1=5)

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

کیسا ہی آدمی ہو افلاس کے طفیل

کوئی گدھا کہے اسے ٹھہرا دے کوئی بیل

کپڑے پھٹے تمام بڑے بال پھیل پھیل

منہ خشک دانت زرد بدن پر جما ہے میل

سب شکل قیدیوں کی بناتی ہے مفلسی

(i) افلاس کے کیا معنی ہے؟

(الف) غربت۔ (ب) مفلسی

(ج) غریب (د) نادار۔

(ii) مفلس کی شکل کیسی بنتی ہے؟

(الف) قیدیوں کی۔ (ب) چور کی۔

(ج) رہزن کی۔ (د) ڈاکو کی۔

(iii) یہ اشعار کس شاعر کے ہیں؟

(الف) نظیر اکبر آبادی۔ (ب) حالؔی۔

(ج) اقبالؔ۔ (د) چکبستؔ۔

(iv) مفلس کو کون جانوروں سے تشبیہ دی جاتی ہے؟

(الف) گدھا اور بیل (ب) بندر اور کتا۔

(ج) بھینس اور گائے۔ (د) بلی اور بھیڑیا۔

(v) مفلس کے چہرے کی صورت کیسی ہوتی ہے؟

(الف) منہ خشک دانت زرد۔ (ب) منہ خشک دانت کالے۔

(ج) دانت پیلے اور منہ زرد۔ (د) منہ سیاہ اور دانت پیلے۔

---

**سوال نمبر (۳) درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر پر اس سے متعلق دیئے گئے سوالات کے مختصر ترین جوابات لکھئے۔ (5=1×5)**

موسم کے مزاج کے بارے میں آج کل بہت پہلے سے ہی پتہ چلتا ہے۔ ایک ہفتہ نہیں بلکہ ایک مہینہ پہلے ہی لوگ موسم کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ وہ زمانہ گیا جب لوگ گھروں سے نکلتے اور موسم کی ابتری کا شکار ہو جاتے۔ راستوں میں پھنستے اور گھر والوں کو پریشان کر کے چھوڑ دیتے۔ سائنس نے تو دُنیا کی کایا ہی پلٹ دی۔ انسان سوچتا ہے کہ آنے والا زمانہ کیسا ہوگا۔ سائنس اس دُنیا کو کہاں لے جائے گی۔

(۱) کس کے بارے میں لوگوں کو پہلے ہی پتہ چلتا ہے؟

(۲) ایک مہینہ پہلے لوگ کس کے لئے تیار رہتے ہیں؟

(۳) راستوں میں پھنسنے والے لوگ کن کو پریشان کرتے تھے؟

(۴) دُنیا کی کایا کس نے پلٹ دی؟

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

(۵) لوگ کس کے بارے میں سوچتے ہیں؟

..............................................................................

☆ برصغیر ہندوپاک زبانوں کا عجائب خانہ ہے۔ یہاں لاتعداد چھوٹی بڑی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ان تمام زبانوں کے خطے اور علاقے متعین ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں بیشتر زبانوں کے نام اپنے اپنے خطوں اور علاقوں کی نسبت سے قرار پاتے ہیں مثلاً بنگال کی زبان بنگالی ہے اور کشمیر کی زبان کشمیری ہے۔ اردو برصغیر کے تمام علاقوں میں بولی جاتی ہیں۔

(i) زبانوں کا عجائب خانہ کہاں ہے؟

(ii) برصغیر ہندوپاک میں کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

(iii) بنگال کے لوگ کون سی زبان بولتے ہیں؟

(iv) کشمیری کس علاقے کی زبان ہے؟

(v) برصغیر کے کون سے علاقوں میں اُردو بولی جاتی ہے؟

..............................................................................

☆ منزل کا تعین سفر کو آسان بنا دیتا ہے۔ اور اگر مقصد عظیم ہو تو اس کے لئے قربانیاں دینے اور مصائب برداشت کرنے کا حوصلہ بھی انسان میں پیدا ہوتا ہے۔ میں اپنے قوم اور ملک سے بے پناہ محبت رکھتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ ملک اور قوم کی بے پناہ اور بے لوث خدمت سرانجام دوں۔ میں نے مختلف شعبہ ہائے زندگی کے متعلق اپنی فکر کے گھوڑے دوڑائے۔ آخر کار طے کیا استاد بن کر ملک اور قوم کی بہتر خدمت کر سکوں۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

(i) سفر کو آسان بنانے کے لئے کیا کرنا چاہئے۔

(ii) مقصد عظیم حاصل کرنے کے لئے انسان میں کس قسم کا حوصلہ پیدا ہوتا ہے؟

(iii) میں اپنی قوم اور ملک سے کیا رکھتا ہوں؟

(iv) میں کیا چاہتا ہوں؟

(v) ملک اور قوم کی خدمت کے لئے کیا بننا چاہتا ہوں؟

..............................................................................

☆ انسانی جسم کسی بھی دوسری مشین سے زیادہ پیچیدہ ہے لیکن اسے مشین کے مقابلے میں روزانہ دیکھ بھال کی کم ضرورت پڑتی ہے۔ کوئی بھی مشین وہ سب کام نہیں کرتی جو جسم کرتا ہے۔ کوئی بھی مشین 70 سال یا زیادہ سالوں تک صرف ہوا، پانی، خوراک اور کچھ سادہ سے اصولوں پر کام نہیں کرتی۔ کوئی ایسی مشین نہیں بنی ہے جو انسانی جسم کی مختلف حالات کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال سکے۔ ہر شخص کو اپنے بارے میں جاننے کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنا بہتر خیال رکھ سکے۔ انسان کے جسم میں 70% پانی سے 206 ہڈیاں ہیں۔

(i) کس کو مشین سے بھی زیادہ پیچیدہ کہا گیا؟

(ii) انسانی جسم کو مشین کے مقابلے میں کس کی ضرورت کم پڑتی ہے؟

(iii) مشین کے برعکس انسانی جسم اپنے آپ کو کس کے مطابق ڈھال سکتا ہے؟

(iv) انسانی جسم میں پانی کی شرح کیا ہے؟

(v) انسان کے جسم میں کتنی ہڈیاں ہیں؟

(حصہ۔ب) قواعد

سوال نمبر(۴) درج ذیل الفاظ کو ہدایات کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔ (نمبرات5=1×5)

(ا) اُستاد (جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضح ہوجائے)

(ب) کتاب (جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے)

(ج) چاند (جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضح ہوجائے)

(د) گاڑی (جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے)

☆ درج ذیل الفاظ کو ہدایت کے مطابق جملوں میں استعمال کریں۔

(۱) انبیاء: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے۔

(۲) بالغ: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ مذکر یا مونث ہونا واضح ہوجائے۔

(۳) عمل: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے۔

(۴) اُستانی: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے۔

(۵) رئیس: جملے میں اس طرح استعمال کریں کہ واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

☆ (الف) درج ذیل الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا تذکیر و تانیث واضح ہوجائے۔

(۱) اُلفت (۲) شربت (۳) عمارت

(ب) درج ذیل الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے۔

(۱) اوراق (۲) سبب۔

☆ (الف) درج ذیل الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا تذکیر و تانیث واضح ہوجائے

(۱) کھیت (۲) رومال (۳) قلم

(i) چاند۔(ii) پانی۔(iii) شربت۔

(ب) درج ذیل الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہوجائے۔

(۱) تصاویر (۲) ورق

(i) تصاویر۔(ii) سبب۔حروف تحسین۔(۱) حروف استفہام (۲) حروف نفرین

سوال نمبر(۵) درج ذیل حروف کی تعریف کیجئے اور مثالیں دیجئے۔ (نمبرات 5)

(ا)حروف جار (ب)حروف تحسین۔

☆درج ذیل حروف کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔
(ا)حروف تاکید (۲)حروف انبساط۔
(ب)حروف تحسین۔

☆درج ذیل حروف کی تعریف کیجیے اور مثالیں دیجیے۔
(ا)حروف تاکید (۲)حروف انبساط۔
☆دیئے گئے حروف کی تعریف کیجیے اور مثالیں بھی دیجیے۔(صرف دو)
(i) حروف تاسف۔(ii)حروف شرط۔ (iii)حروف ندا۔

سوال نمبر(۶) ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔ (نمبرات5=1×5)
(ا) یہ مسجد کافی شاندار ہے
اس جملے میں لفظ ''شاندار'' کیا ہے؟
(ا)فعل (۲)فاعل (۳)اسمِ صفت (۴)مفعول
(ب) دوڑنے والا گر گیا۔
اس جملے میں لفظ ''دوڑنے والا'' کیا ہے؟
(ا)فاعل (۲)مفعول (۳)صفت (۴)فعل
(ج) محمد عامر نے سیب کھایا۔
اس جملے میں لفظ ''سیب'' کیا ہے؟
(ا)صفت (۲)فاعل (۳)مفعول (۴)فعل
(د) بلی نے چوہے کو پکڑا۔
اس جملے میں ''چوہا'' کیا ہے۔
(ا)صفت (۲)فاعل (۳)مفعول (۴)فعل۔
اس جملے میں ''خوبصورت'' کیا ہے۔
(ا)ضمیر (۲)فاعل (۳)صفت (۴)حرف

☆ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔
(الف) ''احمد کو کتے نے کاٹا''

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

اس جملے میں ''احمد'' کیا ہے؟

(i)اسم فاعل(ii)اسم مفعول۔(iii)اسم صفت۔(iv)اسم۔

(ب)''رشید نے عالیشان مکان بنوایا''

اس جملے میں لفظ''عالیشان'' کیا ہے؟

(i)اسم مفعول(ii)اسم فاعل۔(iii)اسم صفت۔(iv)فعل۔

(ج)اس جملے میں''لفظ خط'' کیا ہے؟

(i)اسم فاعل۔(ii)اسم صفت۔(iii)فعل۔(iv)اسم مفعول۔

(د)''احمد نے سانپ کو مارا''

اس جملے میں لفظ''سانپ'' کیا ہے۔

(i)اسم صفت(ii)اسم فاعل(iii) اسم مفعول(iv) فعل۔

(ہ)''اس نے رنگین لباس پہنا ہے''

اس جملے میں لفظ''رنگین'' کیا ہے؟

(۱)ضمیر۔(۲)اسم فاعل(۳)اسم صفت۔(۴)فعل۔

---

☆ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔

(الف)مجید مظلوم ہے۔

اس جملے میں لفظ''مظلوم'' کیا ہے؟

(۱)اسم فاعل(۲)فعل(۳)اسم صفت(۴)اسم مفعول

(ب)گلبرگ خوب صورت جگہ ہے۔

اس جملے میں لفظ''خوب صورت'' کیا ہے؟

(۱)اسم مفعول(۲)فعل(۳)اسم صفت(۴)اسم فاعل

(ج)اس ظالم آدمی سے دور رہو۔

اس جملے میں لفظ''ظالم'' کیا ہے؟

(۱)فعل(۲)اسم مفعول(۳)اسم فاعل(۴)اسم صفت

(د)زید نے روٹی کھائی۔

اس جملے میں لفظ''روٹی'' کیا ہے۔

(۱)اسم صفت (۲)فعل (۳)اسم فاعل(۴)اسم مفعول

(ہ)اس لڑکی کی آواز سریلی ہے۔

اس جملے میں لفظ''سریلی'' کیا ہے؟

(۱)اسم صفت (۲)اسم فاعل (۳)ضمیر (۴)اسم مفعول

☆ ہدایات کے مطابق جواب لکھئے۔

(الف) ''چوہا بھاگ رہا ہے''

اس جملے میں ''چوہا'' کیا ہے۔؟

(i) اسم فاعل (ii)اسم مفعول۔(iii)اسم صفت۔(iv)فعل۔

(ب) ''آسمان نیلا ہے''

اس جملے میں ''نیلا'' کیا ہے؟

سوال نمبر(۷) درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنائیے۔ (2 نمبرات)

نذر کرنا، ایک نہ سننا، چھاتی پیٹنا، باغ باغ ہونا۔

☆ درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنائیے۔

(۱)الوسیدھا کرنا۔(۲) آج کل کرنا۔(۳) تارے گننا۔۔۔

☆ درج ذیل محاورات میں سے دو کے جملے بنائیے۔

(۱)الوسیدھا کرنا۔(۲) آج کل کرنا۔(۳) تارے گننا۔۔۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

سوال نمبر(۸) درج ذیل میں سے کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام بھی لکھئے۔

رشید ذہین ہے        اُستاد بچوں کو پڑھاتا ہے

☆ درج ذیل کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام لکھئے۔

(۱) اکبر بیمار ہے۔ (۲) مجید نے رشید کو مارا۔

☆ درج ذیل کسی ایک جملے کی ترکیب نحوی کیجئے اور جملے کا نام لکھئے۔

(۱) اکبر بیمار ہے۔(۲) مجید نے رشید کو مارا۔

(حصہ ج ادب)

سوال نمبر(۹) درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالئے۔ (5 نمبرات)

داستان، ڈراما، غزل، مرثیہ۔

☆ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالئے۔

(۱)افسانہ (۲)ڈراما (۳)غزل (۴)نعت

☆ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر روشنی ڈالئے۔
(۱) افسانہ (۲) ڈرامہ (۳) غزل (۴) نعت

---

**سوال نمبر (۱۰) درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔** **(5 نمبرات)**

عبرت۔ خوشامد، آسمان پھول اور لہو

☆ درج ذیل میں۔ سے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے۔
(۱) خوشامد (۲) اور مزاج دارلٹ گئی (۳) بور کے لڈو

☆ درج ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔
(۱) خوشامد (۲) اور مزاج دارلٹ گئی (۳) بور کے لڈو

---

**سوال نمبر (۱۱) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔** **(نمبرات 6=2×3)**

(الف) میرے سلیقے سے میری نبھی محبت میں
تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا

(یا)

پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا کے تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

(ب) زمین چمن گل کھلاتی ہے کیا کیا
بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے

(یا)

کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند
کس کی حاجت روا کرے کوئی

(ج) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرّہ سے آگاہ
ادھر سے مدّتوں آیا گیا ہوں

(یا)

کون سا وہ زخم دل تھا جو ترو تازہ نہ تھا
زندگی میں اتنے غم تھے جن کا اندازہ نہ تھا

---

☆ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجئے۔

(i) ہمارے آگے ترا جب کسو نے نام لیا
دل ستم زدہ کو ہم نے تھام تھام لیا

(ii) کل پاؤں ایک کاسۂ سر پہ جو آگیا
یکسر وہ استخواں شکستوں سے چور تھا

(iii) نہ گورِ سکندر نہ ہے قبر دارا
مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے

(iv) موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLARS & OTHER PDF

(v) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے واقف
اِدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(vi) ایسا نہیں کہ سر پہ سدا آسمان تھا
میرا بھی شہر میں کبھی کوئی مکان تھا

☆ نہ گورِ سکندر نہ ہے قبر دارا
مٹے ناموں کے نشاں کیسے کیسے

☆ ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

☆ میرے سلیقے سے میری نبھی محبت میں
تمام عمر میں ناکامیوں سے کام لیا

☆ موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

☆

اس کی آنکھوں سے نمایاں تھی محبت کی چمک
اس کے چہرے پر نئی تہذیب کا غازہ نہ تھا

☆

پرچم امن لئے پھرتے ہیں شہروں شہروں
آستینوں میں چھپائے ہوئے خنجر کتنے

☆ کس کو معلوم ملے خاک میں منظر کتنے
اپنے آئینے چھپائے ہیں سکندر کتنے

☆ ہنگامہ گرم کن جو دل ناصبور تھا
پیدا ہر ایک نالے سے شورِ نشور تھا

☆

پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا تئیں
معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

☆

غم وغصہ ورنج واندوہ و حرماں
ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

☆

روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو گر خطا کرے کوئی

☆

ہوں، اس کوچہ کے ہر ذرّہ سے آگاہ
اُدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

☆

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اُجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے

☆

یہی بہت ہے کہ مجھ پر تری توجہ ہے
تری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

**سوال نمبر(۱۶) درج ذیل درسی سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔** **(نمبرات 6=2×3)**

(الف) قصیدہ ''شہر آشوب'' کو شاعر نے شہر آشوب کیوں قرار دیا ہے؟

(ب) نعت کسے کہتے ہیں؟

(ج) مفلس کو ہر وقت کس چیز کی فکر رہتی ہے؟

(۱) ملک صادق کون تھے اور شہزادے کے ساتھ اُن کا کیا رشتہ تھا؟

(۲) افسانہ ''آسمان، پھول اور لہو'' میں موجود آنٹی کے کردار پر تین جملے لکھئے۔

(۳) مولانا حالی نے علمی دنیا میں کون سی یادگاریں چھوڑیں ہیں؟

☆ **صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔**

(i) شہزادے کے چچا کو بجائے ابو جہل کیوں کہا گیا؟

(ii) پنڈت چندر دھر اپنے پیشے سے بیزار کیوں تھے؟

(iii) لڑکے کے لئے گڑیا خریدنا کیوں ضروری تھا؟

(iv) قومی اتحاد کے بارے میں حالی کا کیا خیال تھا؟

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

☆ حضرت محمد کیا پیغام لے کر آئے؟

☆ حضرت امام حسینؓ نے یزیدوں سے کیا سوال کیا؟

☆ رام چندر جی نے ماں کا حال دیکھ کر آنسو کیوں روک لیے؟

☆ ملک صادق کون تھے اور شہزادے کے ساتھ ان کا کیا رشتہ تھا؟

☆ لڑکا دیدی کو گڑیا کس کے ہاتھ بھیجنا چاہتا تھا؟

☆ قومی اتحاد کے بارے میں مولانا حالی کا کیا خیال تھا؟

☆ فرش پر سے پتھر ہٹانے کے بعد شہزادے نے زمین کے اندر کیا دیکھا؟

☆ پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا؟

☆ خوشامدی میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں؟

☆ انسان اور انسانیت کی فلاح کے لئے اقبال کا پیغام کیا ہے؟

☆ لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے جن کون سی چیزیں اپنے پاس رکھتی تھی۔

☆ محمد عاقل جن کی چال کو کیوں نہ سمجھ سکا؟

☆ نظم ''مفلسی'' کس شاعر نے لکھی ہے؟

☆ نظم کی روشنی میں بتایئے مفلسی انسان کو کس کس طرح ستاتی ہے؟

☆(i)نظم ''شکستِ انتظار'' کس شاعر نے لکھی ہے؟

☆شامل نصاب سودا کا ایک قصیدہ ہے اس کا عنوان کیا ہے؟

☆مرزا محمد رفیع سودا کے لکھے ہوئے قصیدے کا عنوان لکھئے۔

☆قطعہ ''نوکروں پر سخت گیری کرنے کا انجام'' کس کی تخلیق ہے؟

☆حضرت امام حسینؓ نے یزیدوں سے کیا سوال کیا؟

☆آپ کی نصابی کتاب میں شامل مرثیہ کس مرثیہ نگار کا ہے؟

☆مرزا دبیر کا مرثیہ درسی کتاب میں کس عنوان سے شامل ہے؟

☆حضرتِ امام حسینؑ نے یزیدوں سے کیا سوال کیا؟

☆ نظم مفلسی کس شاعر کی تخلیق ہے؟

☆ مفلسی کو ہر وقت کس چیز کی فکر رہتی ہے؟

☆''رامائن کا ایک سین''، چکبست کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

☆نظم کے اس منظر کو ہماری کتاب میں کس عنوان سے شامل کیا گیا ہے؟

☆ہیئت کے لحاظ سے اس نظم کو کیا کہتے ہیں جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں؟

☆رسا جاودانی کی لکھی ہوئی ''نعت'' میں ''بنی نوع انساں کا غم خوار آیا'' کس عظیم شخصیت کو ظاہر کرتا ہے؟

☆''اولوالعزمی''، نظم کا موضوع کیا ہے؟

☆رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی؟

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

---

سوال نمبر(۱۳) دو کے جواب لکھئے۔ (نمبرات 5)

(i) درسی کتاب میں شامل نعت کس شاعر نے لکھی ہے اور اس کا عنوان کیا ہے؟

(ii) نظم مفلسی کی روشنی میں بتایئے مفلسی انسان کو کس کس طرح ستاتی ہے؟

(iii) حضرت امام حسینؑ نے یزیدوں سے کیا سوال کیا؟

(iv) رام چندر جی کو دیکھ کر اس کی ماں کیوں رونے لگی؟

---

(حصہ د تحریری کام)

سوال نمبر(۱۴) درج ذیل میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھئے۔ (نمبرات 5

میر امّن، نور شاہ، مرزا غالب، علامہ اقبالؔ

---

(۱۴) کسی ایک ادیب یا شاعر کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔

(i) پریم چند۔

(ii) سر سید احمد خان۔

(iii) میر تقی میر۔

(iv) غالب۔

---

سوال نمبر (۱۵) اپنے کسی غیر ریاستی دوست کے نام ایک خط لکھئے جس میں اسے موسم گرما میں کشمیر آنے کی دعوت دی گئی ہو۔ (نمبرات 6)

اپنے دوست کو امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارک بادی کا خط لکھئے۔

☆ آپ کے والد صاحب اپنے مکان میں تجدید کاری کرانا چاہتے ہیں۔ کمروں میں پلنگ کے ساتھ ساتھ الماریاں بھی جدید طرز کی بنانی ہے۔ اس وجہ سے آپ کو ایک سوفٹ لکڑی کی ضرورت ہے اس سلسلے میں ڈی ایف او کے نام ایک سوفٹ تعمیراتی لکڑی اجرا کرنے کے لئے ایک درخواست لکھیے۔

یا

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام فیس معاف کرنے کی درخواست لکھئے۔

اپنے اسکول کے سربراہ کے نام اسکول ایکسکرشن پر جانے کی اجازت طلب کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

☆ نویں جماعت میں شاندار کامیابی حاصل کرنے کے بعد اب آپ کا داخلہ دسویں جماعت میں ہوا ہے۔ اس کے لئے آپ کو نئی کتابوں اور کاپیوں کی ضرورت ہے۔ لہذا کتب فروش کے نام کتابیں اور کاپیاں ارسال کرانے کے لئے ایک خط لکھئے۔

☆ آپ کی بڑی بہن کی شادی ہونے والی ہے۔ اپنے ایک دوست کو اس تقریب پر خط کے ذریعہ مدعو کیجئے۔

☆ آپ کے جنم دن کے موقعہ پر آپ کے چچا نے ایک خوبصورت گھڑی بھیجی ہے۔ اس سلسلے میں انہیں شکریہ کا خط ارسال کیجئے۔

☆ آپ کا دوست دسویں جماعت کے امتحان میں شاندار نمبرات لے کر کامیاب ہوا ہے۔ اسے ایک خط کے ذریعہ مبارک باد پیش کیجئے۔

☆ اپنے اسکول کے سربراہ کی خدمت میں سکول فنڈ سے وظیفہ منظور کرانے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

☆ آپ کا ایک دوست دسویں کے امتحان میں اوّل آیا ہے۔ اسے ایک خط کے ذریعے مبارک باد پیش کیجئے۔

☆ اپنے اسکول کے سربراہ کی خدمت میں ایکسکرشن پر جانے کی اجازت طلب کرنے کے لئے درخواست لکھئے۔

☆ کسی کتب فروش کے نام ایک خط لکھئے جس میں انہیں چند نصابی کتابیں بھیجنے کی فرمائش کیجئے۔

---

سوال نمبر (۱۶) درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈیڑھ سو سے دو سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ (8 نمبرات)

(i) علم بڑی دولت ہے۔

(ii) تندرستی ہزار نعمت ہے۔

(iii) سائنس ایک رحمت ہے۔

☆ جنگلات کے فائدے ☆ علم کے فوائد۔ ☆ سائنس اور ہماری زندگی۔ ☆ میری زندگی کا مقصد۔ ☆ میرا پسندیدہ شاعر۔

☆ ماحولیاتی آلودگی۔ ☆ نوجوانوں میں منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان۔

---

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF